جامعہ کے نئے تعلیمی سال ۴۰-۱۴۳۹ء بمطابق ۱۹-۲۰۱۸ء کے داخلوں کا شیڈول

درس نظامی

درجات	ایام	تاریخ
تمام درجات کے قدیم طلباء (اعدادیہ تا دورہ حدیث)	اتوار	۱۰رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۴رجون ۲۰۱۸ء
جدید دورہ حدیث شریف	پیر	۱۱رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۵رجون ۲۰۱۸ء
جدید دورہ حدیث شریف	منگل	۱۲رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۶رجون ۲۰۱۸ء
اعدادیہ، متوسطہ، اولیٰ، ثانیہ، دورہ حدیث شریف	بدھ	۱۳رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۷ررجون ۲۰۱۸ء
ثالثہ، رابعہ، خامسہ، دورہ حدیث	جمعرات	۱۴رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۸رجون ۲۰۱۸ء
تکمیل، سادسہ	ہفتہ	۱۶رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق ۳۰رجون ۲۰۱۸ء
موقوف علیہ	اتوار	۱۷رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق یکم جولائی ۲۰۱۸ء
افتتاح	پیر	۱۸رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق ۰۲رجولائی ۲۰۱۸ء

شعبہ حفظ : درجہ حفظ میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کی درخواستیں ۱۵ رمضان سے ۱۴رشوال بمطابق ۲۸۔جون ۲۰۱۸ تک دفتر اہتمام میں جمع کی جائیں گی۔ حفظ کے خواہشمند طلباء کا ٹیسٹ اور انٹرویو وغیرہ ۱۴۔۱۵ شوال بمطابق ۲۸۔۲۹ جون بروز ہفتہ واتوار صبح 9:00 کو دارالعلوم حقانیہ میں ہوگا (امسال شعبہ حفظ کا داخلہ دارالعلوم حقانیہ کی تعلیمی کمیٹی اور دارالحفظ کے اساتذہ کی مشترکہ نگرانی میں ہوگا)۔ صرف وہ امیدوار درخواست دیں جو قرآن ناظرہ سے پڑھ چکے ہوں۔ عمر ۱۳ سال سے متجاوز نہ ہو۔ دو پارے پہلے سے یاد کرنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کیلئے داخلہ درخواست ۱۶رشوال بمطابق ۳۰۔ جون بروز ہفتہ تک دفتر اہتمام میں جمع کرائی جائیں گی اور انٹری ٹیسٹ ۱۶۔ شوال بمطابق ۳۰۔ جون بروز ہفتہ صبح 9:00 بجے ہوگا۔

نوٹ:۱ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کا دورانیہ 2 سال ہوگا۔ **نوٹ:۲** امسال درجہ اعدادیہ سے لیکر بشمول درجہ سادسہ اسباق اردو میں بھی پڑھائے جائینگے۔ لہٰذا اردو زبان سمجھنے والے طلباء کرام داخلہ لے سکتے ہیں۔ درجہ متوسطہ میں وہ طلباء داخلہ لینگے جو کہ ساتویں جماعت پاس ہو۔ **نوٹ:۳** داخلہ کے خواہشمند طلباء کیلئے نادرا شناختی کارڈ کا ہونا لازمی ہے اور جو امیدواران نابالغ ہیں وہ اپنے والد صاحب کا نادرا شناختی کارڈ ضرور لائیں اور ساتھ تین عدد پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر بھی ضروری ہیں

نوٹ:۴ امسال دارالعلوم حقانیہ میں شعبہ تجوید کا الگ شعبہ ہوگا جس میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب کے مطابق حفاظ کیلئے دو سالہ کورس اور علماء کرام کیلئے یک سالہ کورس پڑھایا جائیگا **نوٹ:۵** ہر درجہ میں داخلہ کیلئے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تحتانی درجات کے اصلی سندات کا برائے معائنہ دکھانا لازمی ہے اور ساتھ ان ہی اسناد کے دو عدد فوٹو سٹیٹ بھی لانا ضروری ہے۔ **نوٹ:۶** تمام قدیم طباء کرام کا داخلہ رجسٹریشن کارڈ پر ہوگا لہٰذا قدیم طلباء کرام اپنے ساتھ رجسٹریشن کارڈ ضرور لائیں۔ **نوٹ:۷** جو غیر ملکی طلباء کرام جامعہ میں داخلہ کے خواہش مند ہوں وہ پاکستانی ویزہ اور دیگر ضروری دستاویزات اپنے ساتھ ضرور لائیں۔ **نوٹ:۸** قدیم طلباء کیلئے جو تاریخ مقرر کی گئی ہے وہ حتمی ہے، مقرر تاریخ کے بعد کسی بھی طالب علم کو داخلہ نہیں ملے گا۔

دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز ان شاء اللہ ۱۸رشوال ۱۴۳۹ھ بمطابق ۰۲رجولائی ۲۰۱۸ء بروز پیر ہوگا